بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ٹیلیفون نمبر ۳۳

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۳ ۴۳

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ

الفضل

یوم سہ شنبہ

قادیان

قیمت سالانہ اٹھارہ روپے ۔ ماہوار ڈیڑھ روپیہ

مدینۃ المسیح

قادیان - ۵ ماہ ہجرت - سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے متعلق آج ۱/۲ ۷ بجے شام کی اطلاع مظہر ہے کہ حضور کی طبیعت ناساز ہے۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت کھانسی کی وجہ سے ناساز ہے۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

صاحبزادہ مرزا مبارک احمدؐ صاحب علاج کے لئے لاہور تشریف لے گئے ہیں۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

آج عصر کے بعد واقفین تحریک جدید وکالت تبشیر کی طرف سے جناب مولوی بشیر احمدؐ آرچرڈ صاحب اور مکرم - مولوی محمدؐ صادق صاحب مکرم سید احمدؐ شاہ صاحب اور مکرم مولوی محمدؐ صالح صاحب کے اعزاز میں پارٹی دی گئی۔ مؤخر الذکر تینوں اصحاب بہت جلد تبلیغ احمدیت کے لئے ممالک غیر کو روانہ ہو رہے ہیں۔

جلد ۳۵ | ۶ ماہ ہجرت ۱۳۲۶ ہش | ۱۴ جمادی الثانی ۱۳۶۶ھ | ۶ مئی ۱۹۴۷ء | نمبر ۱۰۷

خواہ انگریز جائے یا نہ جائے

ہندو آریوں نے شمال سے آکر یہاں کے اصل باشندوں سے ساتھ جو سلوک کیا۔ شاید امریکہ میں یورپی آریہ اقوام نے بھی وہ سلوک وہاں کے اصل باشندوں کے ساتھ نہیں کیا۔ بے شک ملک کے زیادہ تر حصے سے اصل باشندوں کا نام و نشان مٹا دیا گیا۔ لیکن امریکہ میں اب بھی بعض علاقے ایسے ہیں۔ جہاں خالص یا دوغلہ نسل کے اصل باشندے آزادی سے زندگی بسر کرتے ہیں۔ پھر امریکہ میں جو ہوا۔ اسکی حیثیت زیادہ تر انفرادی رہی ہے۔ ملکی قانون میں انہیں آزاد ہی تصور کیا گیا۔ اگرچہ عملاً ان سے منصفانہ برتاؤ نہیں ہوتا رہا۔ افریقہ کے اصل باشندوں کی داستان بھی بے شک داستانِ درد ہے۔ اور کوئی ایسا سنگدل انسان نہیں جو ان سے ہمدردی نہ کرتا ہو۔ خود سفید رنگ کے لوگوں میں سے ایسے موجود ہیں جو ان کے خیر خواہ اور طرفدار ہیں۔ اور ان کے لئے جدوجہد کرتے ہیں۔ لیکن پھر بھی ان پر ابھی تک بے حد ظلم روا رکھا جاتا ہے۔ اور ان کے لئے ترقی کی ہر راہ مسدود ہے۔ ایک ہی زمین پر ایک ہی آسمان کے تلے انسان کا انسان پر اس طرح ستم توڑنا انسانیت کے دامن پر کتنا بدنما دھبہ ہے۔

امریکہ اور افریقہ کے اصل باشندوں پر بے شک بہت ظلم ہوئے اور بہت ظلم ہو رہے ہیں۔ لیکن ہندوستان کے اچھوتوں کا سانحہ ایک ایسا سانحہ ہے۔ کہ ساری دنیا کے ظلم و ستم کی تاریخ اسکی نظیر پیش نہیں کر سکتی۔ ہندوؤں نے اپنے اقتدار کے زمانے میں نہ صرف یہ کہ ان کو تمام قسم کی ملکیتوں سے محروم کر دیا۔ بلکہ مذہبی دہشت انگیزی سے ان کی ضمیروں ان کی روحوں کو یہاں تک مسخ کر کے رکھ دیا۔ کہ خود یہ یقین ان کا جزوِ ایمان بن گیا۔ کہ قدرت نے ان کو حیوانوں کی طرح پہلے جنم کے اعمال کی سزا بھگتنے کے لئے پیدا کیا ہے۔ ان کے لئے اس تناسخی نظام کے فولادی شکنجہ سے فرار ناممکن ہو گیا۔ یہ خیال بھی اصل میں ہمارا اپنا ہی خیال ہے۔ ممکن ہے۔ کسی اچھوت کے دل میں کبھی یہ اس طرح چمک بھی جاتا ہو۔ جس طرح گھپ اندھیری رات میں کوئی جگنو۔ لیکن حقیقت یہ ہے۔ کہ انسانوں کی اس دنیا پر تاریکی کی تہوں پر تہیں چڑھ گئیں۔ اور آج تک چڑھی ہوئی ہیں۔

انگریز نے ہندوستان کو آزادی دینے کا اعلان کر دیا ہے۔ کچھ ہندوستانی خوشی سے تالیاں بجا رہے ہیں اور رقص میں آئے ہوئے ہیں۔ لیکن یہ ہندوستانی کون ہیں۔ یہ وہی ہیں۔ جنہوں نے اچھوت اقوام کو اس نوبت تک پہنچایا...... وہ جن کو اچھوتوں پر ظلم و ستم کی پاداش میں کئی صدیوں تک غیروں کی غلامی میں اس لئے دیا گیا تھا کہ وہ بھی کچھ اس کا مزہ چکھیں۔ اور سبق حاصل کریں۔ لیکن سوال یہ ہے۔ کیا انہوں نے سبق حاصل کیا؟ کیا انہوں نے انسان کو انسان سمجھنا سیکھا؟

اللہ تعالےٰ نے ہندوؤں کو اس انتہائی بے رحمی اور خود غرضی کے گناہ کی پے در پے سزا دی۔ حملہ آور پر حملہ آور بھیجے۔ ان پر غلامی در غلامی کی ذلت ماری۔ مگر اس گمراہ اور مغرور قوم نے اپنی ہٹ دھرمی نہ چھوڑی - خود ان کے اندر سے نیک نفس مصلح پیدا ہوئے۔ جنہوں نے اپنی مقدس زندگیاں قربان کیں۔ مگر سب اکارت گئیں۔ گو کچھ وقت کے لئے تو ایسا معلوم ہوا۔ کہ ملک میں حقیقی زندگی پیدا ہونے کو ہے۔ مردے کی نبض از سرِ نو چلنے لگی ہے۔ مگر ورن آشرم کا سانپ ہر بار موقع پا کر سر نکالتا ہی رہا۔

آخر مسلمانوں کو یہاں مسلط کیا گیا۔ کہ مظلوموں کو رہائی دلائیں۔ جو اسلام کی آغوش میں چلے آئے۔ وہ تو بچ گئے۔ لیکن اکثریت اپنی بے پناہ جہالت کے سمندر میں غرق رہی۔ اور جہاں چمٹی تھی۔ وہیں چمٹی رہی۔ دراصل مسلمانوں نے بھی اپنا فرض کما حقہٗ ادا نہ کیا۔ عیش و عشرت میں پڑ کر آپ ہی ناکارہ ہو بیٹھے۔ اس لئے اللہ تعالےٰ نے سات سمندر پار سے انگریز کو بلایا۔

کہتے ہیں اب انگریز بھی جا رہا ہے۔ سانپ اپنا سر پھر نکالنے لگا ہے۔ کیا بدنصیب اچھوت اچھوت ہی رہینگے۔ ان کے دل کانپ رہے ہیں۔ کیونکہ انسانیت کا حسین چہرہ ان کی آنکھوں سے پھر اوجھل ہو رہا ہے۔ پانچ ہزار سال کی تہہ بہ تہہ تاریکیاں پھر امڈی آ رہی ہیں۔ عزت نفس کا احساس بیدار ہوتے ہوتے پھر اونگھنے لگا ہے۔ گاندھی جی نے مرن برت کی دہشت انگیزی سے پونا پیکٹ کا طوقِ لعنت پھر ان کے گلے میں ڈال دیا ہے۔ پندرہ کروڑ انسانوں پر از سرِ نو غلامی کو مستحکم کرنے کا بندوبست ہو چکا ہے۔ لیکن کیا اللہ تعالیٰ کی غیرت کو یہ گوارا ہو سکتا ہے؟ کیا ظالم کو اپنی من مانی کرنے کی اجازت مل سکتی ہے؟

خواہ انگریز جائے یا نہ جائے۔ یقیناً ایسا نہیں ہو سکتا۔ قدرت نے جو قدم اٹھایا ہے۔ وہ آگے ہی پڑیگا۔ واپس نہیں لوٹ سکتا۔ جب تک انسان انسان نہ بن جائیں گے۔ اور مساوات کا سورج تاریک سے تاریک جھونپڑی کو بھی اپنی شعاعوں سے منور نہ کر لیگا۔ آزادی کی شہزادی اس دیس میں قدم رنجہ نہیں فرمائیگی۔

ایڈیٹر:- روشن دین تنویر

بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھاپا اور ...

سیّدنا حضرت امیر المومنین المصلح الموعود ایدہ اللہ تعالیٰ کی

مجلس علم و عرفان

قادیان ۴ ماہ ہجرت سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز آج بعد نماز مغرب مجلس میں رونق افروز ہوئے حضور کے ارشادات کا ملخص درج کیا جاتا ہے۔

مسلم لیگ کے ساتھ ہماری ہمدردی

چارسدہ (سرحد) سے خان محمد اکرم خان صاحب بی۔اے احمدی تشریف لائے ہوئے تھے۔ حضور دیر تک ان سے سرحد کی موجودہ سیاسی حالت کے متعلق گفتگو فرماتے رہے۔ اس ضمن میں حضور نے مسلم لیگ کے ساتھ جماعت احمدیہ کی ہمدردی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ ہماری جماعت زیادہ تر مسلمانوں میں ہی ترقی کر رہی ہے مسلمان ہمارے لئے شاملات کی طرح ہیں۔ خواہ وہ ہماری مخالفت کریں اور ہمیں تکلیفیں دیں لیکن پھر بھی آخر انہی میں سے نکل نکل کر لوگ ہماری جماعت میں شامل ہو رہے ہیں۔ کسی دوسری قوم میں ابھی احمدیت کو قبول کرنے کی وہ رو پیدا نہیں ہوئی جو مسلمانوں میں ہے اس لئے مسلمانوں کے ساتھ ہی ہماری ترقی وابستہ ہے۔ گو ہم جانتے ہیں کہ کل کو یہی مسلمان ہمیں تکلیفیں بھی دے سکتے ہیں۔ اور ہماری راہ میں مشکلات پیدا کر سکتے ہیں لیکن ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ آخر انہی میں سے زیادہ لوگ احمدیت کو بھی قبول کریں گے

یورپ میں اسلام کے متعلق شدید غلط فہمیاں

گفتگو کے دوران میں حضور نے امریکہ کے ایک احمدی مبلغ کے خط کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ امریکہ میں اور یورپ کے ممالک میں اسلام کے متعلق شدید غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔ وہ لوگ ہندو مذہب کے متعلق زیادہ تر حسن ظنی رکھتے ہیں۔ لیکن اسلام کے متعلق ان کے دماغ میں بہت ہی بھیانک تصور ہے۔ ہمارے مبلغ نے لکھا ہے کہ وہ امریکہ میں دورہ کرتے ہوئے عربوں کی ایک بستی میں گئے۔ اور انہیں تحریک کی کہ وہ اسلام کی تبلیغ کیا کریں لیکن ان عربوں نے جواب دیا کہ ہم اپنے ملک شام میں مسلمان ہیں۔ اس ملک میں مسلمان نہیں ہیں گو یا وہ اپنے مسلمان ہونے کو وہاں چھپاتے ہیں۔ ان میں سے بعض نے تو اپنے نام تک بدل لئے ہیں: تاکہ ان کا مسلمان ہونا ظاہر نہ ہو سکے۔ ہمارے مبلغ نے لکھا ہے۔ کہ وہ عرب پچیس تیس سال سے اس بستی میں رہتے ہیں۔ لیکن ایک مسجد بھی وہاں نہیں بنا سکے۔ اس کے برعکس وہاں پر سکھوں کی بستیاں ہیں۔ انہوں نے وہاں گوردوارے بنا رکھے ہیں۔ وہ وہاں اپنی عبادت کرتے ہیں۔ اور دُور دُور سے سکھ وہاں آتے ہیں ان کے اجتماعوں کو دیکھ کر قدرتی طور پر وہاں کے لوگوں میں سکھوں کے متعلق دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے۔

حضور نے اسلام کے متعلق شدید غلط فہمیوں کی مثال دیتے ہوئے بیان فرمایا۔ کہ ایک دفعہ امریکہ میں ایک احمدی نے جب ایک امریکن عورت کو بتایا کہ وہ ہندوستانی ہے تو اس نے اسے ہندو سمجھ لیا۔ پھر جب اس نے بتایا کہ وہ پنجاب کا رہنے والا ہے۔ تو اس نے اسے سکھ خیال کیا۔ جب اس نے بتایا کہ وہ مسلمان ہے۔ تو اس امریکن عورت نے بے ساختہ کہا کہ کیا تم ان لوگوں سے تعلق رکھتے ہو۔ جو سمجھتے ہیں کہ مرنے سے پہلے اگر ایک عیسائی کو مار دیا جائے۔ تو انسان سیدھا جنت میں چلا جاتا ہے؟ یہ واقعہ بیان کرکے حضور نے فرمایا۔ دیکھو اسلام کے متعلق کتنی غلط فہمیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ صرف اسلام ہی رواداری کی تعلیم دیتا ہے۔ اور کوئی مذہب رواداری کی تعلیم اس رنگ میں نہیں دیتا جس رنگ میں اسلام دیتا ہے۔ لیکن یورپ کے لوگوں کے قلوب میں اسلام کے متعلق ایسا بھیانک تصور پایا جاتا ہے۔ کہ تبلیغ کے متعلق کئی لوگ ہمیں مشورہ دیتے ہیں۔ کہ اسلام کا نام لیکر یورپ میں تبلیغ نہ کی جائے۔ کیونکہ اسلام کے متعلق ان کے قلوب میں اتنی شدید غلط فہمیاں پیدا کر دی گئی ہیں کہ وہ یہ خیال بھی نہیں کر سکتے کہ اسلام میں بھی کوئی خوبی ہو سکتی ہے۔

تبلیغ کے متعلق مسلمانوں کی افسوسناک غفلت

اسلام کے متعلق یورپ کی اس بدظنی کی ساری ذمہ واری خود مسلمانوں پر عاید ہوتی ہے۔ افسوس کی بات ہے۔ کہ وہ خود دنیا کو اسلام سے روشناس نہیں کراتے۔ اور جو ایک ہی جماعت تبلیغ کا کام کرتی ہے۔ اس کی راہ میں روڑے اٹکاتے ہیں اور اسلام کی رواداری کی تعلیم پیش کرنے کے جرم میں اسے طرح طرح کی تکلیفیں دیتے ہیں۔ چنانچہ افغانستان میں محض اس جرم کی پاداش میں ہمارے آدمی شہید کئے گئے۔ کہ کیوں وہ جبراً کسی کو مسلمان بنانے کی تعلیم کے قائل نہیں ہیں۔

اس موقعہ پر حضور نے اٹالین انجینئر کی ایک کتاب کا ذکر فرمایا جس میں حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب شہید رضی اللہ عنہ کی شہادت کا ذکر کیا اور لکھا ہے کہ انہیں محض اس پاداش میں سنگسار کیا گیا کہ وہ مسلمانوں کے تصور کے مطابق جہاد کے قائل نہ تھے

حضور نے فرمایا۔ اس قسم کے عقیدے اسلام کے نام پر ایک بدنما داغ ہیں۔ ان سے ایک طرف تو اسلام بدنام ہوتا ہے۔ اور دوسری طرف خود مسلمانوں کی قوت عملیہ ماری گئی ہے۔ وہ یہ سمجھ کر مطمئن ہو جاتے ہیں۔ اور تبلیغ سے غافل ہو جاتے ہیں کہ مسیح آکر تلوار کے زور سے خود بخود اسلام کو پھیلا دے گا۔ اس تصور کی وجہ سے وہ محنت ایثار جد وجہد اور ترقی کی تدابیر اختیار کرنے سے غافل ہو جاتے ہیں۔

لوگ پوچھا کرتے ہیں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے آکر کیا کیا؟ میں کہتا ہوں ان کا یہی کارنامہ کیا کچھ کم ہے کہ انہوں نے ایک طرف تو وفات مسیح ثابت کرکے عیسائیت کو مار دیا۔ اور دوسری طرف آسمان کی طرف دیکھنے والے اور ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جانے والے مسلمانوں کو بیدار کر دیا۔ انہیں بتا دیا کہ آسمان سے کوئی مسیح آکر تلوار کے زور سے تمہیں ترقی نہ دیگا۔ بلکہ خود تمہیں اپنی ہمت اور جد وجہد سے اسلام کو ترقی دینی چاہیئے۔ جماعت احمدیہ بھی آخر انہی بے عمل مسلمانوں میں سے بنی ہے لیکن اس میں کیوں قوت عملیہ پیدا ہو گئی ہے۔ اس کی یہی وجہ ہے کہ جو شخص احمدیت میں داخل ہوتا ہے۔ وہ جب دیکھتا ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام عمر بھر تبلیغ کرتے رہے۔ اور لوگوں کی گالیاں کھاتے

جناب مولوی عبدالخالق صاحب کی علالت

سالٹ پانڈ (مغربی افریقہ) بذریعہ تار اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کہ جناب مولوی عبدالخالق صاحب مجاہد احمدیت عرصہ سے بیمار چلے آ رہے ہیں۔ تاحال افاقہ نہیں ہوا۔ احباب سے ان کی صحت کیلئے دعا کی درخواست ہے

عازمین حج کیلئے ضروری اعلان

خدا کے فضل و کرم سے ہر سال جماعت احمدیہ میں سے ایک معقول تعداد حج بیت اللہ کے لئے جاتی ہے۔ اور امسال بھی انشاء اللہ ضرور احباب تشریف لے جائیں گے اپنے احباب کی اطلاع کیلئے اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ سلسلہ احمدیہ کی طرف سے پنجاب حج کمیٹی میں نمائندگی کے لئے مکرم الحاج چوہدری غلام حسین صاحب پی۔ ای۔ ایس ریٹائرڈ محلہ دارالفضل قادیان کو مقرر کیا گیا ہے۔ جو دوست حج سے متعلقہ کوائف معلوم کرنا چاہیں وہ چوہدری صاحب موصوف سے معلوم کر لیں۔ اگر ہمارے دوست حج پر اکٹھے جانا چاہیں تو اس کا انتظام بھی صاحب موصوف کی معرفت ہو سکے گا۔ حج فارم بھی چوہدری صاحب مکرم سے منگوائے جا سکتے ہیں۔

ناظر تعلیم و تربیت قادیان

تحریک جدید کی طرف سے جناب بشیر احمد آرچرڈ صاحب کا خیر مقدم

سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی شمولیت

(مرتبہ :- منیر احمد صاحب ونیس)

قادیان ۱۹ ماہ ہجرت۔ آج ۴ ½ بجے شام جناب بشیر احمد آرچرڈ صاحب کے اعزاز میں عصرانہ دیا گیا۔ جس میں سیدنا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بھی شمولیت فرمائی۔ جناب مولوی جلال الدین صاحب شمس کے ایڈریس اور جناب بشیر احمد آرچرڈ صاحب کے جواب کے بعد حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انگریزی میں مختصر سی تقریر فرمائی۔ اور دعا کی۔

ایڈریس

مکرم صوفی غلام محمد صاحب کی تلاوت کے بعد جناب مولوی جلال الدین صاحب شمس نے انگریزی زبان میں جو ایڈریس پیش کیا۔ اس کا ترجمہ مختصراً درج ذیل ہے:۔

آج مجھے تحریک جدید انجمن احمدیہ قادیان کی طرف سے اپنے محترم بھائی مسٹر بشیر احمد آرچرڈ کا خیر مقدم کرتے ہوئے بڑی ہی مسرت محسوس ہو رہی ہے۔ میں اپنے جذبات کی عربی الفاظ میں ترجمانی کرتے ہوئے اھلاً وسھلاً و مرحباً کہتا ہوں۔

مسٹر بشیر احمد آرچرڈ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ کیونکہ آپ قبل ازیں دو دفعہ قادیان آ چکے ہیں۔ اور بہت سے احباب آپ سے شناسا ہیں۔

آپ ابتداءً احمدیت سے اس وقت متعارف ہوئے۔ جبکہ فوجی خدمات کے سلسلہ میں ہندوستان میں مقیم تھے۔ اور دو سال بعد آپ احمدیت میں شامل ہو گئے۔ وہ دوست جنہیں آپ کے قریب رہنے کا موقع ملا ہے۔ بخوبی جانتے ہیں۔ کہ آپ کے دل میں تبلیغ احمدیت کا بے پناہ جذبہ موجزن ہے۔ چنانچہ فوجی خدمات سے سبکدوش ہونے کے بعد جب آپ انگلستان پہنچے۔ تو آپ نے اپنے وطن مالوف برسٹل میں صرف دو روزہ قیام کیا تھا۔ کہ تیسرے روز مسجد احمدیہ لندن میں پہنچ گئے۔ اور مجھ سے دوران گفتگو میں اس خواہش کا اظہار کیا۔ کہ میں یہاں ہی قیام رکھنا چاہتا ہوں۔ اور ایک مبلغ بننے کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے اس پر ان اہم فرائض اور ذمہ داریوں سے جو ایک مبلغ پر عاید ہوتی ہیں۔ آپ کو آگاہ کیا۔ اور کچھ عرصہ توقف کرنے کو کہا۔ ممکن ہے یہ التواء ان کو ناگوار گذرا ہو۔ مگر اس کے چند روز بعد ہی آپ نے اپنے آپ کو غیر مشروط طور پر وقف کے لئے پیش کر دیا۔ میں نے اس درخواست کو اس اظہار کے ساتھ کہ یہ وجود احمدیت کے لئے بہت مفید ہوگا۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں بھیج دیا۔ جسے حضور نے ازراہِ شفقت قبول فرمایا۔ ازاں بعد مسٹر آرچرڈ نے ہمارے ساتھ رہنا شروع کر دیا۔ اور تبلیغ کے فرائض نہایت اخلاص اور جوش سے بجا لانے میں منہمک ہو گئے۔

گذشتہ ماہ دسمبر میں جب آپ کو اعلیٰ مذہبی تعلیم کے حصول کے لئے قادیان جانے کو کہا گیا۔ تو آپ نہایت خوشی سے آمادہ ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ کے پیارے بندوں اور اس کے سچے عاشقوں کو خدا کی بات پوری ہوتے دیکھ کر بہت خوشی ہوتی ہے۔ آج ہم اپنی آنکھوں سے وہ پیشگوئی جو آج سے ۱۳۶۰ سال قبل حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے بیان کی تھی۔ کہ سورج کا طلوع مغرب سے ہوگا۔ پوری ہوتی دیکھ رہے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ازالہ اوہام میں اس الہام کا مطلب یہ بیان فرمایا ہے۔ کہ جب اہل مغرب تاریکی و ظلمت میں مبتلا ہو جائیں گے۔ اور صداقت کی طرف سے آنکھیں بند کر لیں گے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ ان کی ہدایت کا سامان پیدا کرے گا اور ان پر صداقت اسلام کا سورج طلوع کرے گا۔ جو ان سیاہ دلوں کو منور کر دیگا۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں۔ کہ میں نے خود ایک رویاء میں دیکھا۔ کہ میں لنڈن میں ایک جگہ کھڑا ہو کر اسلام کی صداقت اور خوبیوں پر تقریر کر رہا ہوں۔ اور اس کے بعد میں نے بہت سے سفید پرندے جو درختوں پر بیٹھے چہچہا رہے ہیں۔ پکڑے ہیں۔ جس کا مطلب حضور نے یہ فرمایا۔ کہ ممکن ہے مجھے خود وہاں جانے کا موقع نہ ملے۔ لیکن میری تعلیم وہاں ضرور پھیل جائے گی۔ اور بہت سے نیک فطرت اسے قبول کریں گے۔

تمام وہ سعید الفطرت روحیں جنہوں نے حق کو قبول کیا۔ وہ اس رویا کی مصداق ہیں۔ آج میں اس بات کا حق رکھتا ہوں۔ کہ میں مسٹر آرچرڈ کو یہ بشارت دوں۔ کہ وہ بھی ان روحانی پرندوں میں سے ایک ہیں۔ اور مسٹر آرچرڈ کو بھی حق پہنچتا ہے۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ان غیر معمولی انعامات اور اس فضیلت پر جس قدر چاہیں۔ خوشی و مسرت کا اظہار کریں۔ وہ شخص جسے دنیا کا بادشاہ کبھی کبھار یاد کرے۔ اسکی خوشی کا کوئی ٹھکانا نہیں ہوتا۔ لیکن وہ شخص جسے شہنشاہوں کے شہنشاہ نے یاد کیا ہو۔ اسکی خوشی کا کیا ٹھکانا ہو سکتا ہے۔ یقیناً وہ لوگ بہت خوش قسمت ہیں۔ جنہیں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے پرندوں کی شکل میں دیکھا جس کا مطلب یہ ہے۔ کہ ان لوگوں کے دل ہر قسم کی دنیاوی آلودگیوں سے پاک ہو جائیں گے۔ اور وہ نہ صرف اسلام کو قبول ہی کریں گے۔ بلکہ اس کے پیغام کو لیکر پرندوں کی طرح دنیا میں پرواز بھی کریں گے۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی طرح صداقت کی منادی کریں گے۔

اس جگہ اس بات کا ذکر کر دینا خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے بھی اپنے حواریوں کو پرندوں سے تشبیہ دی ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں بھی مذکور ہے۔ کہ وہ مٹی سے قسما قسم کے پرندے بناتے تھے۔ جس سے مراد وہی پاک طینت لوگ ہیں۔ جو صداقت کا پیغام لے کر دور دراز ملکوں کی پرواز کرتے ہیں۔ چنانچہ حضرت مسیح علیہ السلام نے کہا ہے۔ کہ میں تم سے کہتا ہوں۔ کہ تم زندگی کی ان الجھنوں میں نہ پڑو۔ کہ تم کیا کھاؤ گے۔ کیا پیوگے اور کیا پہنوگے۔ بلکہ میں تم سے کہتا ہوں۔ کہ تم پرندوں کی مثال دیکھو۔ وہ نہ بوتے ہیں۔ اور نہ کاٹتے ہیں۔ اور نہ اپنے غلے بھرتے ہیں۔ لیکن پھر بھی خدا تعالیٰ انہیں رزق دیتا ہے۔ کیا تم ان سے بہتر نہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ تمہارا کفیل نہ ہو۔ اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو رویا میں سفید پرندے دکھائے گئے۔ جو آپ کے پیغام کو دنیا میں پہنچائیں گے۔ اور اسلام کی خاطر اپنی جانیں وقف کریں گے۔ مسٹر بشیر احمد آرچرڈ بھی ان میں سے ایک ہیں۔ اور ہم ان کو اس فضیلت پر مبارک باد دیتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں۔ کہ وہ انہیں استقامت عطا فرمائے۔ اور جس مقصد کے لئے وہ یہاں آئے ہیں۔ اس میں کامیاب و کامران فرمائے۔ آمین۔

جواب ایڈریس

ذیل میں مسٹر بشیر احمد آرچرڈ صاحب کے جواب کا ترجمہ دیا جاتا ہے۔ آپ نے کہا ابتداء میں میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھے احمدیت کے قبول کرنے اور اسکی خدمت کرنے کی توفیق بخشی۔ پھر میں تحریک جدید کے ان ممبران کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جنہوں نے اس تقریب کا اہتمام کر کے میری عزت افزائی کی۔ اور بالآخر میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جنہوں نے اپنے مبارک وجود سے اس مجلس کو رونق بخشی۔

پہلی دفعہ میں جب قادیان آیا۔ تو میرا قیام صرف دو روزہ تھا۔ اس اثناء میں میں نے بہت سے دوستوں سے تبادلہ خیالات کیا۔ اور مذہبی معلومات حاصل کیں۔ مگر کوئی خاص اثر میری طبیعت پر نہ ہوا۔ گاڑی پر سوار ہو کر میں قادیان سے رخصت ہو گیا۔ مگر ابھی چند میل بھی طے نہ کئے ہونگے۔ کہ یہ واقعات یکے بعد دیگرے میرے ذہن میں آنے شروع ہوئے۔ اور وہ نوازش مہربانی اور شفقت جس کا اظہار میرے ساتھ کیا گیا۔ خوشگوار یاد بن کر میرے دل میں چکر لگانے لگی جس سے لحظہ بہ لحظہ میری

طبیعت متاثر ہوتی جا رہی تھی۔ گاڑی جب امرتسر پہنچی۔ تو اس وقت مشاہدات قادیان کا گہرا نقش میرے دل پر کندہ ہو چکا تھا۔ چنانچہ اس کے بعد میں جس شہر میں بھی گیا میں جماعت کے لوگوں کو تلاش کرتا۔ اور خوش قسمتی سے وہ ہر شہر میں مجھے مل جاتے۔ اور وہاں بھی مجھے وہی شفقت اور محبت کا نظارہ دیکھنے میں آتا۔ جس کا نظارہ میں نے قادیان میں دیکھا تھا حتیٰ کہ ایک دن ایسا بھی آیا جب میں خود احمدیت کی آغوش عاطفت میں جا چکا

مجھے ایک سال مسجد احمدیہ لندن میں رہنے کا موقعہ ملا۔ وہاں بھی میں نے ایسی ہی شفقت اور ہمدردی کا مشاہدہ کیا۔ جو قادیان میں دیکھنے میں آئی تھی۔ اخوت کی یہ روح جو جماعت احمدیہ کے ہر فرد میں پائی جاتی ہے اس کی صداقت کو پھیلانے کے لئے کافی ہے۔ اگر احمدیت بھی نہ ہوتی تو یہ روح بھی مفقود ہوتی۔ جو کسی اور جماعت اور قوم میں دیکھنے میں نہیں آتی۔ میں سمجھتا ہوں ضروری نہیں کہ صداقت کو سمجھنے کے لئے بہت زیادہ علم کی ضرورت ہو۔ بلکہ نیک عمل کی ہے ایک دفعہ حضرت مسیح جو اپنے شاگردوں کے سامنے اپنی آمد ثانی کا ذکر کر رہے تھے۔ آپ نے بتایا کہ ناقص درخت کا پھل بھی ناقص ہوگا۔ اور اچھے درخت کا پھل بھی اچھا ہوگا۔ اور تم اس کو اس کے پھل سے پہچان لوگے

آخر میں میں پھر کہتا ہوں۔ کہ صداقت قبول کرانے کے لئے بہت بڑے علم کی ضرورت نہیں۔ بلکہ ہم اپنے عمل سے دوسروں کو منوا سکتے ہیں۔ آپ لوگوں کا حسن عمل ہی تھا جو میری کشش کا باعث ہوا۔ اور مجھے امید ہے۔ کہ اس کشش کے باعث دوسرے لوگ بھی کھنچے چلے آئیں گے۔

اب میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اللہ تعالےٰ سے دعا کریں کہ وہ مجھے اپنے فرائض کی ادائیگی کی توفیق بخشے تا اس کی رضا حاصل ہو۔

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کی تقریر

فرمایا مسٹر بشیر احمد آرچرڈ صاحب چونکہ اردو نہیں جانتے اس لئے اس خیال سے کہ وہ پوری بات کو سمجھ سکیں میں اپنے خیالات کا انگریزی میں اظہار کر دیتا ہوں۔

ایک وقت تھا جب عیسائی قوم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیم پر عمل پیرا تھی۔ اور اس کے ساتھ ساتھ وہ دنیاوی ترقیات میں بھی پیش پیش تھی۔ لیکن اس کے بعد عیسائی قوم نے حضرت مسیح کو بھلا دیا۔ اور جو تعلیم وہ لائے تھے اسے پس پشت ڈال کر سراسر دنیاوی معاملات میں مشغول ہو گئے اور خواہشات میں منہمک ہو گئے۔ ایسے وقت میں کبھی کبھی ان کے دلوں میں خدا تعالےٰ کا ہلکا سا تصور آشکار ہوتا۔ مگر عارضی اور عیر دائمی اور پھر اپنی دنیا میں لگ جاتے۔ تب اللہ تعالےٰ نے ان کی ہدایت کے لئے ایک پیغمبر کا بھیجنا ضروری سمجھا۔ ادھر مسلمان اپنے مذہب کو بھول کر افتراق و شقاق کا شکار ہو چکے تھے۔ انہیں ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے لئے ضروری تھا۔ کہ کوئی مصلح آئے۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو سب اقوام کو اکٹھا کرنے کے لئے بھیج دیا اور تم وہ پہلے شخص ہو جسے اپنی قوم میں سے اسے قبول کرنے کا موقع ملا ہے۔ اور اس کے لائے ہوئے دین کی اشاعت کے لئے وقف زندگی کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ ہم آپ کے لئے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ آپ کو استقامت عطا فرمائے۔ اور ہر روز آپ کے اخلاص اور جوش کو بڑھاتا رہے۔

بے شک وہ مقصد جس کے لئے آپ کھڑے ہوئے ہیں بہت عظیم الشان ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ اس وقت تمہیں تمہارے ملک کے لوگ بھی نہیں جانتے۔ چہ جائیکہ دوسری دنیا۔ لیکن وہ وقت آئے گا کہ جب خدائے واحد کا نام دنیا پر قائم ہو چکا ہوگا۔ اور ہر طرف احمدیت ہی احمدیت ہوگی۔ تو اس وقت تمہارے ملک کے لوگ تاریخ کی کتابوں کی چھان بین کریں گے۔ اور وہ تلاش کرنے لگیں گے کہ کیا ابتدائی دور میں کوئی انگریز احمدی ہوا۔ جب وہ دیکھیں گے کہ ہاں ایک شخص مسٹر بشیر احمد آرچرڈ تھا جس نے ابتداء میں احمدیت کو قبول کیا۔ اور غیر معمولی قربانیاں کیں۔ یہ دیکھ کر ان کے دل خوشی سے بھر جائیں گے۔ اور ان کے قلوب اطمینان سے پُر ہو جائیں گے۔ اور نہایت مسرت سے کہیں گے۔ کہ انگریز قوم نے اپنا حق خدمت ادا کر دیا۔ اس وقت بے شک تم نامعلوم اور غیر معروف ہو۔ لیکن وہ زمانہ آئے گا اور جلد آئے گا۔ جب قومیں تمہارے نام پر فخر کریں گی۔ اور تمہارے کارناموں کو سراہیں گی۔ پس تم اپنی حرکات و سکنات کو معمولی نہ سمجھو اور یہ نہ سمجھو کہ یہ حرکات صرف میری ہیں۔ بلکہ یہ ساری انگریز قوم کی ہیں۔ وہ لوگ جو بعد میں آئیں گے وہ تمہاری ہر حرکت کی نقل کریں گے۔ اور تمہارے ہر لفظ کی پیروی کریں گے۔

کیا تم نے مشاہدہ نہیں کیا۔ کہ آج مسیح علیہ السلام کے حواریوں کو دنیا میں بلند درجہ حاصل ہے کہ ساری انگریز قوم ان کی پیروی اور نقل میں فخر محسوس کرتی ہے۔ اور اسی طرح مسلمان بھی صحابہ کی جو رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے۔ اور بے نظیر قربانیاں کیں عزت کرتے ہیں۔ اور ان کی ہر حرکت اور ہر لفظ کی پیروی کرنے کی کوشش کرتے ہیں

اگر تمہاری حرکات و سکنات اسلام کے مطابق ہوں گی۔ اور بلند مرتبہ و ذی شان ہوں گی۔ تو یاد رکھو۔ اس وجہ سے تمہاری قوم بھی ترقی کر جائے گی۔ لیکن اگر وہ صحیح اسلامی خیالات کے مطابق نہ ہوں گی بلکہ ناقص ہوں گی تو تمہاری قوم ترقی سے محروم رہ جائے گی۔ پس ہمیشہ کوشش کرو۔ کہ آنے والوں کے لئے بہترین نمونہ قائم کر جاؤ۔ اور اعلیٰ درجہ کی یاد چھوڑ جاؤ ورنہ اللہ تعالےٰ کسی اور شخص کو کھڑا کر دے گا جو اس کام کو سرانجام دے گا۔

اس زمانہ میں جب احمدیت دنیا پر غالب آئے گی اور ضرور غالب آ کر رہے گی۔ اور کوئی طاقت اسے روک نہیں سکتی۔ اس وقت لوگوں کے دلوں میں تمہاری عظمت بہت بڑھ جائے گی۔ حتیٰ کہ بڑے سے بڑے وزیر اعظم سے بھی زیادہ ہوگی۔

پس میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں۔ کہ اخلاص اور جوش سے کام کرو۔ اور آنے والی نسلوں کیلئے بہترین نمونہ چھوڑ جاؤ۔ آخر میں میں اللہ تعالےٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اپنا فضل اور رحم تمہارے شامل حال رکھے۔ اور وہ مقصد جس کی ابتدا تم نے کی ہے اس کی انتہا وہ کامیابی کرے۔ آمین

آہ! ڈاکٹر کریم الدین صاحب

ہمارے خاندان کے افراد کے دلوں میں وہ زخم جو آج سے قریباً پانچ ماہ پہلے ہماری ایک بہن کی وفات سے ہوا تھا۔ ابھی وہ مندمل نہ ہونے پایا تھا کہ میرے چچا ڈاکٹر کریم الدین صاحب کی اچانک وفات نے اسی زخم پر نمک کا کام کیا۔

مرحوم مجلس مشاورت قادیان میں شمولیت کے بعد جب گھر واپس لوٹے تو راستے میں انہیں سخت زکام ہو گیا۔ حتیٰ کہ یہی زکام بڑھتے بڑھتے سرسام کی صورت اختیار کر کے سخت بیہوشی میں تبدیل ہو گیا۔ کھاریاں میں مقامی طور پر دو تین ڈاکٹروں کا علاج ہوتا رہا۔ لیکن کچھ افاقہ نہ ہوا۔ اور ۳۰ اپریل ۱۹۴۶ء بروز اتوار نماز عشاء کے بعد وہ اپنے مالک حقیقی سے جا ملے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم اپنے بھائیوں میں عمر میں سب سے چھوٹے تھے۔ چونکہ مرحوم موصی بھی تھے۔ اس لئے فی الحال ان کی نعش کو امانتاً کھاریاں میں ہی دفن کیا گیا ہے۔ وہ تمام خوبیاں جو ایک سچے احمدی میں ہونی ضروری ہیں ان میں پائی جاتی تھیں احمدیت کی سچی تڑپ انکی ذات میں عیاں تھی۔ تبلیغ کا جوش جو آپکی فطرت میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ مستقل مزاج تھے۔ اور طبیعت سادہ اور تبلیغ احمدیت

جماعت احمدیہ کیطرف سے مسٹر جناح کے نام ضروری تار

اگر پنجاب کی تقسیم ناگزیر ہو تو اُسے بعض شرطوں کے ساتھ مشروط کیا جاوے

ناظر اعلیٰ (چیف سیکرٹری) جماعت احمدیہ کی طرف سے مسٹر محمد علی جناح صدر آل انڈیا مسلم لیگ کے نام مندرجہ ذیل تار بھجوایا گیا ہے:۔

جماعت احمدیہ پنجاب کی تقسیم کے خلاف ہے۔ لیکن اگر یہ تقسیم ناگزیر ہو تو ہماری رائے میں اُسے تین اصولی شرطوں کے ساتھ مشروط کرنا ضروری ہے۔

اوّل:۔ تمام اُن علاقوں کو اسلامی علاقہ میں شامل کیا جاوے۔ جہاں آبادی کے تناسب کے لحاظ سے مسلمانوں کی اکثریت ہے خواہ اس کے لئے اضلاع کی حدود توڑنی پڑیں۔ یا تسلسل کو ترک کر کے معقول جداگانہ جزیرے بنانے پڑیں:۔

دوم:۔ تمام اُن علاقوں کو اسلامی علاقے قرار دیا جائے۔ جہاں مسلمان انفرادی طور پر سب سے بڑی پارٹی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ جہاں مسلمانوں۔ ہندوؤں اور سکھوں کی رائے معلوم ہے۔ اچھوت اقوام اور عیسائیوں کی رائے ریفرنڈم یعنی حصول رائے عامہ کے طریق پر حاصل کیجائے

سوم:۔ نہروں کے ہیڈ اور بجلی کے پاور سٹیشن اور پہاڑی صحت افزا مقامات کو اُن علاقوں کے ساتھ کم از کم پندرہ سال کے عرصہ تک کے لئے ملحق رکھا جائے جنہیں وہ اس وقت زیادہ تر فائدہ پہنچا رہے ہیں۔ خواہ مقامی آبادی کا تناسب اس کے خلاف ہو۔ (مرزا بشیر احمد)

اضافہ حصہ وصیت

مندرجہ ذیل موصیوں نے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنے حصہ وصیت میں اضافہ فرمایا۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء

۱۔ سعیدہ بیگم صاحبہ زوجہ فتح محمد صاحب موصیہ ۸۸۴۳ $\frac{1}{8}$ سے $\frac{1}{7}$ حصہ کی کردی ہے

۲۔ میاں نور الحسن صاحب کوٹلی ہرنرائن موصی ۱۲۹۲ $\frac{1}{10}$ سے $\frac{1}{9}$ حصہ کی ادا کردی ہے

۳۔ اخوند عبد العزیز صاحب ایبٹ آباد دسنرہ ۲۸۲۲ $\frac{1}{7}$ سے $\frac{1}{6}$ " " " "

۴۔ خلیل احمد صاحب واقف زندگی ۱۸۵۸۱ $\frac{1}{10}$ سے $\frac{1}{3}$ " " " "

(سکرٹری مجلس کارپرداز بہشتی مقبرہ)

بقیہ صفحہ ۴:۔ اگرچہ یہ موت ہمارے لئے معمولی صدمہ نہیں۔ مگر اس کے ساتھ ہمارے خاندان کو چاہیئے۔ کہ اُن کی تبلیغ کا جوش اُن کی مستقل مزاجی اور اُن کی ہمدردی اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَیْفَ تَعْمَلُوْنَ ۔ کہ ہم نے تمہارے پہلے لوگوں کے بعد تمہیں اُن کا جانشین زمین میں بنایا۔ تاکہ ہم دیکھ سکیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔ اب یہ ہمارا فرض ہے۔ کہ ہم اُن کے نیک نمونہ پر عمل کریں۔ مرحوم اپنے پیچھے تین لڑکے اور تین لڑکیاں چھوڑ کر فوت ہوئے۔ بچوں کی والدہ زندہ ہیں۔ احباب سے درخواست ہے۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ سے دعا فرماویں۔ کہ مرحوم کو جنت فردوس میں جگہ ملے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا ہو اور تبلیغ احمدیت کا جو نمونہ مرحوم نے ہمارے سامنے پیش کیا اسے قائم رکھیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے

ہماری تبلیغی جدّوجہد

جنوری ۴۷ء میں ۱۳۱ افراد احمدیت میں داخل ہوئے۔ ان میں سے ۸۵ نومبائعین نے مندرجہ ذیل احباب کے ذریعہ بیعت کی۔ (انچارج دفتر بیعت قادیان)

- جناب مولوی محمد حسین صاحب مبلغ پونچھ ۸
- مقامی تبلیغ ۷
- " مولوی فرمان علی صاحب کالابن کشمیر ۶
- " کرم الٰہی صاحب سیکرٹری جماعت پونچھ ۵
- " حافظ ابو ذر صاحب دیہاتی مبلغ روڑہ ۵
- " چوہدری علی بخش صاحب چھاوڑیاں ہیٹ ۴
- " فتح دین صاحب سیکرٹری جماعت پشاور ۴
- " مولوی ظفر احمد صاحب صدیقی معلم دار الواقفین ۳
- جناب ماسٹر مامون خانصاحب قادیان ۲
- " بہادر علی صاحب ریاست پٹیالہ ۲
- " غلام حسین صاحب ڈیکٹر بیت المال ۲
- " خدا بخش صاحب سیکرٹری جماعت خنکار ۲
- " حکیم فضل الٰہی صاحب نارووال سیالکوٹ ۲
- " ماسٹر بشیر احمد صاحب چارکوٹ کشمیر ۲
- " مستری محمد شفیع صاحب سیکرٹری جماعت چونڈہ ۲
- " مبارک احمد صاحب ناصر دیہاتی مبلغ ۲
- " میاں خیر الدین صاحب سیکھوانی ۲
- " غلام احمد خان صاحب جنگ بنگال ۲
- " عبد الحق صاحب ورک نئی دہلی ۱
- " حق الحسن صاحب سنجوہ امرتسر ۱
- " امیر صاحب جماعت جموں کی گجرات ۱
- جناب حوالدار میجر ملک محمد حسین صاحب رنگون ۱
- جناب ماسٹر محمد علی صاحب غالب سٹروعہ ۱
- " منشی عبد الغنی صاحب جنرل سکرٹری دہرم کوٹ بگہ ۱
- " چوہدری امام الدین صاحب میرٹھ شہر ۱
- " شیر محمد صاحب دیہاتی مبلغ میانی ڈھڈگراں ۱
- " محمد اسمٰعیل صاحب فرید کوٹ ۱
- " غلام محمد صاحب مدرس جھنگ ۱
- " جنابہ امۃ اللہ بشیرہ بیگم صاحبہ سیکرٹری لجنہ اماء اللہ گلشن حیدر آباد دکن ۱
- " محمد عبد اللہ صاحب جلد ساز قادیان ۱
- " غلام قادر صاحب دیہاتی مبلغ ۱
- " مولوی عبد الرحمن صاحب دیہاتی مبلغ داتہ ۱
- " سید محمد حسین صاحب احمدی نارووال ۱
- " حکیم مختار احمد صاحب شاہدرہ ۱
- " عبد الکریم صاحب سیکرٹری جماعت پونچھ ۱
- " مہر دین صاحب چک نمبر ۲۷ الف تحصیل کرشہ ۱
- " قاضی محمد صادق صاحب قریشی لاہور ۱
- " امیر جماعت احمدیہ ملتان ۱
- " مولوی عبد الرؤف صاحب وکیل جیو منگال ۱
- " بابو بشیر احمد صاحب امیر جماعت کوئٹہ ۱
- " محمد اسمٰعیل صاحب واقف زندگی ۱

سفر کرنے والے احباب

کے لئے اطلاعاً گذارش ہے۔ کہ یکم مئی ۱۹۴۷ء سے قادیان آنے اور جانے والی گاڑیوں کے اوقات میں کچھ تبدیلی ہو گئی ہے۔ چونکہ اکثر اصحاب کو اس کا علم نہیں ہے۔ جس کی وجہ سے مسافروں کو تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔ اس لئے رفاہِ عام کے لئے گاڑیوں کے موجودہ اوقات درج ذیل ہیں۔

روانگی از قادیان:۔ پہلی گاڑی ۵ بج کر دس منٹ پر صبح
دوسری گاڑی ۳ بجے بعد ظہر
تیسری گاڑی ۶ بج کر ۳۵ منٹ پر بعد عصر

آمد قادیان:۔ پہلی گاڑی پونے دو بجے بعد ظہر
دوسری " ۵ بجکر ۳۵ منٹ پر بعد عصر
تیسری " ۹ بجے شب

اس ضمن میں یہ بھی نوٹ فرما لیا جاوے۔ کہ بعض شہروں میں بدامنی کے باعث کرفیو وغیرہ کی وجہ سے فی الحال صرف دو گاڑیاں پہلی اور دوسری آتی جاتی ہیں۔ تیسری گاڑی آج کل نہ قادیان سے روانہ ہوتی ہے۔ نہ شب کو آتی ہے۔ (خاکسار رشید احمد ارشد علی عنہ)

چند نہائت ضروری باتیں

(۱) دفتر کی انتظامی خرابی کی وجہ سے جہاں کئی اصحاب سے جن کے نام اخبار جاری ہے۔ بروقت قیمت وصول نہیں کی گئی۔ وہاں ایسے اصحاب بھی ہوں گے جن کی طرف سے کوئی رقم وصول تو ہوئی۔ مگر ان کے کھاتہ میں درج نہ کی گئی۔ چونکہ سب بقایاداروں کے نام وی پی کئے جا رہے ہیں۔ اس لئے مؤدبانہ گذارش ہے۔ کہ احباب وی پی ضرور وصول فرمالیں۔ اور اگر کوئی صاحب ۱۹۴۷ء تک کی قیمت ادا کر چکے ہوں۔ تو وہ اپنے نمبر خریداری کے ساتھ رسید کا نمبر اور تاریخ وغیرہ تفصیل کے ساتھ تحریر فرمائیں۔ تاکہ پتہ لگایا جا سکے۔

(۲) اب بقایا کی ادائیگی اور پیشگی قیمت کی وصولی کے بغیر کوئی پرچہ جاری نہ رہ سکے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔ وی۔ پی کی واپسی پر پرچہ بند ہو جائیگا

(۳) وی پی میں پرانا پرچہ اس لئے بھیجا جاتا ہے۔ کہ تازہ پرچہ دیر سے نہ پہنچے اور تسلسل نہ ٹوٹے۔

(۴) اگر کوئی صاحب قیمت کی ادائیگی کے باوجود مرسلہ وی پی وصول فرمالیں گے۔ تو ان کا کوئی نقصان نہ ہوگا۔ کیونکہ سابقہ رقم کی اطلاع ملنے پر وی پی کی رقم بھی ان کے حساب میں مجرا دی جائے گی۔ (مینیجر الفضل)

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔ ورنہ تعمیل نہ ہو سکے گی۔ (مینیجر)

درخواستہائے دُعا!!!

عزیزہ امتہ اللطیف بنت منشی محمد حسین صاحب ہیڈ کاتب الفضل کو بوجہ نکسیر پھوٹنے اور بہت زیادہ خون نکلنے سے بہت کمزوری ہو گئی ہے۔

خواجہ عبدالواحد صاحب (پہلوان) کو آج صبح اچانک فالج کا حملہ ہو گیا ہے

(چوہدری محمد حسین صاحب ۱۲ اعبان ناصر آباد اسٹیٹ بعارضہ شدید کھانسی اور قدرے بخار تقریباً ڈیڑھ ماہ سے بیمار ہیں احباب ان کی صحت کاملہ کے لئے دردِ دل سے دعا فرمادیں۔

سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پانچ ہزاری فوج

دفتر اوّل کے تیرھویں سال میں ۳۱ مارچ تک وعدے پورے کرنیوالے مجاہدین

(۲)

اگر آپ کے اخراجات کی زیادتی آپ کیلئے مانع ہو تو یاد رکھیں کہ اخراجات کی زیادتی کی ذمہ داری زیادہ تر آپ پر ہے۔ سلسلہ کی ذمہ داری دوسرے نمبر نہیں بلکہ پہلے نمبر پر ہے۔

پس آپ

سلسلہ کی اہم اور اشد ضروریات کو بہرحال مقدم کریں

چوہدری رحمت علی صاحب کرتو شیخوپورہ 61/-
〃 〃 منجانب اہلیہ صاحبہ 〃 6/-
〃 〃 〃 نصیرہ دختر 〃 6/-
〃 〃 〃 ناصر احمد پسر 〃 6/-
〃 〃 〃 نذیر احمد صاحب 〃 15/-
میاں محمد اکرم صاحب پٹواری فواں کوٹ 25/-
محمد ابراہیم صاحب پٹواری 54/-
محمود احمد صاحب عارف شاہ مسکین 31/-
چوہدری عمر الدین صاحب بھوتیوال 10/-
نصرت جہان بیگم دختر چوہدری علی اکبر صاحب ننکانہ صاحب 11/-
چوہدری شیر محمد صاحب دوست پورہ 6/6
ماسٹر محمد اسمٰعیل صاحب نانکہ 32/-
سید علی صاحب معہ اہلیہ لدھڑ 22/8
محمد ابراہیم صاحب چھتوان 16/12
شیخ محمد بشیر صاحب آزاد مریدکے 17/-
چوہدری احمد دین صاحب پٹیالہ دوست محمد 63/-
ڈاکٹر عمر الدین صاحب گوجرانوالہ 150/-
اہلیہ صاحبہ بابو فضل الٰہی صاحب 〃 9/-
〃 عبد المجید صاحب 〃 8/4
چوہدری غلام حسین صاحب موہلن کے 36/3
اہلیہ صاحبہ 〃 〃 5/12
چوہدری سردار خاں صاحب 〃 17/8
شیخ محمد عبد اللہ صاحب وزیر آباد 18/-
محمد یوسف صاحب 〃 9/-
قاضی ضیاء اللہ صاحب حافظ آباد 38/8
مولوی غلام احمد صاحب 〃 7/-
میاں محمد مراد صاحب خیاط 〃 6/10
〃 غلام محمد صاحب بھاکا بھٹیاں 10/-
〃 دوست محمد صاحب 〃 10/-
ہمشیرہ مہر بی بی صاحبہ 〃 10/-

محمد امیر صاحب بھاکا بھٹیاں 10/-
ظہور احمد خاں صاحب 〃 13/-
ملک صفدر علی خان صاحب ایمن آباد 40/-
چوہدری محمد نذیر خان صاحب زمیندار 〃 85/-
شہزادی تسنیم بیگم صاحبہ 〃 50/-
کلثوم بیگم صاحبہ 〃 6/4
ظہور الدین صاحب ترگڑی 5/12
مستری اللہ دتہ صاحب 〃 5/5
محمد جمال صاحب 〃 7/3
میاں احمد دین صاحب 〃 5/-
سلطان علی صاحب گجو چک 8/8
حکیم محمد اسمٰعیل صاحب پیر کوٹ 11/-
احمد خان صاحب 〃 8/-
پیر محمد صاحب 〃 12/8
رکن الدین صاحب ککا کو لو 7/-
جمعدار محمد انور صاحب گوجرانوالہ 100/-
عبد الرشید صاحب درویش کے 15/-
چوہدری محمد سعید صاحب بقاپور 6/12
سید محمد احسن صاحب احمد نگر 31/-
محمد عبد اللہ صاحب سوہاوہ ڈھلواں 11/-
احمد خان صاحب کھیوڑالی 10/8
بابا بوڑا صاحب لائل پور 5/-
سید حاکم شاہ صاحب لائل پور 54/-
منشی عبد العزیز صاحب غلام حسین صاحب گوجرہ 215/-
ڈاکٹر محمد الدین صاحب گوجرہ 50/-
〃 〃 منجانب اہلیہ صاحبہ 〃 35/-
〃 〃 بچگان 〃 15/-
بابو محمد سعید صاحب ٹوبہ ٹیک سنگھ 103/-
حسن صاحب رہتاسی لائل پور 14/8

چوہدری سردار احمد صاحب ضلعدار جڑانوالہ 76/-
منشی غلام حسین صاحب پٹواری ٹوبہ ٹیک سنگھ 7/-
حکیم یوسف علی صاحب چک 257 گ۔ب 5/11
میاں غلام محمد صاحب بابو والی جھنگ 12/-
مہر نور سلطان صاحب پلیڈر 〃 54/-
مولوی محمد زربار صاحب شورکوٹ 20/2
صدر الدین صاحب 〃 10/2
میاں ناصر علی صاحب جھنگ مگیانہ 227/-
شیخ محمد یوسف صاحب چنیوٹ 800/-
حاجی تاج محمود صاحب 〃 11/-
ملک ہدایت اللہ صاحب خوشاب 10/6
مولوی نظام الدین صاحب چک 49 ج۔ب 8/8
عطاء اللہ خان صاحب 〃 14/-
ملک بہادر خان صاحب ہیڈ ماسٹر ہلووانی 25/8
چوہدری فتح علی صاحب چک 78 ج۔ب 7/-
سید منور شاہ صاحب چک 116 ج۔ب 15/6
مولوی احمد دین صاحب 〃 21/-
خانبہادر ملک صاحب خان نون ریٹائرڈ ڈپٹی کمشنر فتح آباد 1310/-
راجہ بشیر الدین احمد صاحب مدھ رانجھا 26/8
میاں خدا بخش صاحب ادرحماں سرگودہا 15/-
شبیر علی صاحب 〃 〃 7/2
دل احمد صاحب 〃 〃 11/2
چوہدری محمد سعید صاحب 〃 10/-
〃 محمد بخش صاحب 〃 23/-
ہاجرہ بی بی صاحبہ 〃 20/-
حافظ عبد العزیز صاحب نون 〃 22/8
بہادر خان صاحب سپاہی 〃 21/-
چوہدری ہدایت اللہ صاحب نمبردار چک 35 ج۔ب 20/-
〃 منجانب والد صاحب مرحوم 〃 20/-

